پریس ریلیز

غربت سے نجات

اسلام آباد (11 مئی، 2018ء) نیسلے پاکستان اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے درمیان شراکت میں ایک ''دیہی سیلز پروگرام'' کا آغاز ہوا۔ نیسلے پاکستان اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے درمیان اس تعاون سے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) سے مستفید ہونے والی ''غریبوں میں بھی غریب'' خواتین کی امداد ہوئی ہے، جو اپنے آپ اور اپنے اہلخانہ کے لئے روز مرہ زندگی کے لوازمات حاصل کرتی ہیں اور وہ نیسلے پاکستان کی دیہی سیلز ایجنٹ بن گئی ہیں، ان میں سے پنجاب اور سندھ کے 12 اضلاع کی 250 سے زائد خواتین مستفید ہوئی ہیں۔ مستفید ہونے والے خواتین کی تعداد 2021ء تک کم از کم 5,000 سے زائد ہوگی۔

اس پروگرام نے رینالا سے ساجدہ بی بی کی کامیابی جیسی بہت سے کامیابی کی کہانیاں دیکھی ہیں، جنہوں نے اپنے 6 بچوں کو اسکول میں داخل کرانے میں کامیابی حاصل کی ہے، فروخت کی تربیت کے علاوہ، ساجدہ بی بی غذائیت کے بارے میں آگاہی کے اس سیشن میں بھی حصہ لیتی ہیں، جسے خاص طور پر دیہی خواتین کے لئے وضع کیا گیا ہے، جنہوں نے اپنے آپ اور اپنے اہلخانہ کو صحت مند طرز زندگی کے انتخاب میں معاونت کی ہے۔ 2021ء تک، مستفید ہونے والی کم از کم 10,000 خواتین تک ''ہیلدی ویمن پروگرام'' کی رسائی ہوگی۔

ماروی میمن، چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا: ''مجھے اس شراکت پر بہت فخر ہے۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے مستحق افراد جو ہر سہ ماہی میں 4,834 روپے وصول کرتے تھے، اب اس پروگرام کا حصہ ہونے کی وجہ سے اوسطاً ہر مہینہ 10,000 روپے تک آمدنی حاصل کرتے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ دیگر کارپوریٹ ادارے بھی نیسلے پاکستان کے اقدام کی پیروی کریں گے، جس سے ہمارے پروگرام سے مستفید ہونے والے افراد پاکستان کی پیداواری افرادی قوت بن سکتے ہیں۔''

دو تنظیموں کی جانب سے مشترکہ کوششوں کو سراہتے ہوئے، سی ای او نیسلے پاکستان، برونو اولیر ہوک نے کہا: ''آج کی دنیا کے مسائل کو صرف تعاون کے ذریعے حل کیا جاسکتا ہے۔ ہم اب علیحدہ رہ کر کام نہیں کرسکتے۔ نجی شعبہ، NGOs یا حکومت باہمی تعاون کر کے پبلک اور پرائیویٹ پارٹنرسپ کے ذریعے دنیا بھر کے اہم ترقیاتی چیلنجز سے نبرد آزما ہیں۔ یہ اقدامات اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی مقاصد نمبر 1 اور 5 کو حاصل کرنے میں بھی مدد کررہے ہیں جو غربت کے خاتمے اور صنفی مساوات کے لئے ہیں۔''

وولڈ بینک پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر، الانگو پچھر ماتھو نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام اور نیسلے پاکستان کی شراکت ایک روشن مثال ہے کہ کس طرح پبلک پرائیویٹ شراکت غریب ترین اور خوراک کے مسائل کے شکار لوگوں کی دادرسی کرسکتی ہے۔ اگر ہم پچھلے درجوں کے 40 فیصد لوگوں کی مدد کرنا چاہتے ہیں اور ان کے ساتھ خوشحالی بانٹنا چاہتے ہیں تو ہمیں اِن کوششوں کو جاری رکھنا پڑے گا۔

نیسلے پاکستان نے ہیلدی ویمن پروگرام بھی شروع کیا ہے، جس میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) سے مستفید ہونے والی خواتین کے درمیان سیلز ٹریننگ کے علاوہ متعلقہ غذائیت کے علم کی تعمیل بھی ہوتی ہے۔ مذکورہ تقریب میں سینئر سرکاری حکام، سفیروں اور ذرائع ابلاغ کی جانب سے شرکت کی گئی۔ مذکورہ تقریب کا اختتام بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی توثیق پر ہوا۔

☆☆☆**اختتام**☆☆☆

نیسلے پاکستان کا تعارف:

نیسلے پاکستان غذا اور مشروبات کی سب سے بڑی عالمی کمپنی ہے۔ دنیا بھر کے 191 ممالک میں اس کی موجودگی ہے جہاں اس کے 328,000 ملازمین نیسلے کے مقصد، ایک صحت مند مستقبل کے لئے زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے پُرعزم ہیں۔ نیسلے اپنے صارفین اور ان کے پالتو جانوروں کے لئے مختلف مصنوعات اور خدمات زندگی بھر کے لئے مہیا کرتی ہے۔ ان میں 2000 سے زائد ایسی مصنوعات ہیں جن میں نیسلے ملک پیک، نیسلے پیور لائف اور نیسلے فروٹا وائٹل شامل ہیں جو مقامی طور پر مشہور ہیں اور پسند کئے جاتے ہیں۔ کمپنی نیوٹریشن، ہیلتھ اینڈ ویلنس یعنی غذائیت، صحت اور فلاح کے شعبے میں کام کرتی ہے۔ نیسلے 150 سال قبل سوئٹزرلینڈ کے قصبے ویوے میں قائم ہوئی تھی۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجیے:

زارا بشارت

کارپوریٹ میڈیا ریلیشنز مینیجر، نیسلے پاکستان

رابطہ نمبر: 042-35988138

ای میل: zara.basharat@pk.nestle.com